37968 ـ كفارہ قسم كى نيت سے روزہ افطاركروانا

سوال

كيا قسم كے كفارہ كى نيت سے روزہ افطار كروانا جائز ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

جى ہاں ايسا كرنا جائز ہے ليكن اس ميں ايك شرط ہے كہ روزہ دارمسكين ہونا چاہيئے كيونكہ اللہ تعالى نے قسم كےكفارہ ميں فرمايا ہے :

اللہ تعالى تمہارى لغو قسموں پر تم سے مؤاخذہ نہيں فرماتا ليكن مؤاخذہ اس پر فرماتا ہے كہ تم جن قسموں كو مضبوط كرلو اس كا كفارہ دس محتاجوں كو اوسط درجہ كا كھانا دينا ہے جو تم اپنے گھروالوں كو كھلاتے ہو يا ان كو كپڑے دينا ہے يا ايك غلام آزاد كرنا ہے المائدۃ (89) ـ

لھذا قسم كے كفارہ ميں كھانے كے ليے مسكين ہونا شرط ہے ـ

اوراس پر متنبہ رہنے چاہيے كہ قسم كے كفارہ ميں دس مسكينوں كو كھانا كھلانا ہے جيسا كہ مندرجہ بالاآيت ميں موجود ہے لھذا ايك ہى مسكين كو دس بار كھلانا صحيح نہيں ـ

ديكھيں المغنى لابن قدامۃ المقدسى (13 / 513) ـ

واللہ اعلم .